گوگل کی ٹریکنگ سے کیسے بچا جاسکتا ہے؟

urduwire.com

Aug 9, 2021 3:00 AM

جب سے ہم ایک اینڈرائیڈ اسمارٹ فون کا استعمال شروع کرتے ہیں اس وقت سے ہی گوگل کا سرچ اینجن ہمارے متعلق ساری اہم معلومات اپنے پاس مخفوظ کرلیتا ہے۔

اس طرح گوگل ایک اسمارٹ فون کے استعمال کرنے والوں کی کی 24 گھنٹے
ٹریکنگ کرنے میں کامیاب ہوجاتا ہے۔

آپ لوکیشن ہسٹری کو اپنی ڈیوائس میں آف ہی کیوں نہ رکھیں، گوگل عام
طور پر ایسے صارفین کی لوکیشن بھی اسٹور کرتا ہے، کیونکہ کسی بھی
ڈیوائس پر جب انٹرنیٹ کنکٹ کیا جاتا ہے تو ایک آئی پی ایڈریس لوکیشن کے
لحاظ سے بن جاتا ہے۔

اسمارٹ فونز موبائل ٹاورز سے بھی کنکٹ ہوتے ہیں تو موبائل آپریٹرز کو آپ
کی جنرل لوکیشن کا علم ہر وقت ہی ہوتا ہے۔

لیکن اگر آپ گوگل کی ٹریکنگ سے بچنا چاہتے ہیں تو کمپیوٹر پر گوگل ویب
سائٹ کو کسی بھی براؤزر پر کھولیں اور سائن ان ہوجائیں۔

سائن ان ہونے کے بعد پیج کے اوپری دائیں کونے پر اپنے اکاؤنٹ کی پروفائل
تصویر پر کلک کریں اور ڈراپ ڈاؤن مینیو میں منیج یور گوگل اکاؤنٹ پر کلک
کریں تو ایک الگ ٹیب میں وہ پیج اوپن ہوگا۔

وہاں پرائیویسی اینڈ پرسنلائزیشن باکس میں منیج یور ڈیٹا اینڈ پرسنلائزیشن
کو سلیکٹ کریں۔

وہاں آپ کو ایک باکس ویب اینڈ ایپ ایکٹیویٹی کے نام سے نظر آئے گا، جس کو سوئچ آف کردیں۔

ایسا کرنے پر تو گوگل کی جانب سے وارننگ دی جائے گی کہ ایسا کرنے سے وہ متعدد سروسز کو پرسنلائز کرنے کی صلاحیت سے محروم ہوجائے گا، تاہم پوز پر کلک کردیں۔

سیٹنگ ٹرن آف کرنے سے نہ صرف کرنٹ لوکیشن پرائیویٹ ہوجاتی ہے بلکہ آپ کا آئی پی ایڈریس اور دیگر حساس تفصیلات تک بھی کمپنی کی رسائی رک جاتی ہے۔